## تعلقات عامہ دفتر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 25, 2025

پریس ریلیز

### سروجنی نائیڈو مرکز برائے نسواں مطالعات (ایس این سی ڈبلیو ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروفیسر لنڈا مارٹن الکوف کی تقریر کے ساتھ ممتاز لیکچر سیریز کا آغاز کیا

سروجنی نائیڈو مرکز برائے نسواں مطالعات (ایس این سی ڈبلیو ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے نیو یارک یونیورسٹی کی ممتاز فلسفی اور اسکالر پروفیسر لِنڈا مارٹن الکوف کی پرمغز آن لائن تقریر کے ساتھ ممتاز لیکچر سریز کا کامیاب افتتاح کیا۔ پروفیسر موصوفہ کی تقریر کا عنوان 'اے ڈی کولونیل اپروچ ٹو فیمینسٹ اپسٹیمولوجی' تھا جس میں تانیثی معلومات نظام اور نو آبادیات کی آزادی سے متعلق فکر کے ساتھ ان کے انٹرسیکشن کا گہرائی سے جائزہ لیا گیا تھا۔

ممتاز لیکچر سریز کے سرپرست پروفیسر مظہر آصف، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شیخ الجامعہ کی باوقار سرپرستی میں پروگرام منعقد ہوا تھا۔ پروفیسر نشاط زیدی، اعزازی ڈائریکٹر، ایس این سی ڈبلیو ایس نے اجلاس کی صدارت کی جب کہ ڈاکٹر عنبرین جمالی نے اجلاس کی کاروائی کی نظامت کے فرائض انجام دیے۔ پروفیسر زیدی نے اپنی استقبالیہ تقریر میں جامع علمیاتی فریم ورک کی صورت گری میں خواتین کے تجربات کا اعتراف اور انھیں تسلیم کیے جانے کی اہمیت پر زور دیا۔ جذبات کو نشان زد کرتے ہوئے روزمرہ کے جیتے جاگتے تجربات و مشاہدات بھی خود ان کے حقوق میں بیش قیمت علمی نظام کو تشکیل دیتے ہیں انھوں نے خواتین کے علم اور ان کی معلومات سے بے جا بے اعتنائی و بے رخی کے خلاف آواز بلند کرنے کی ضرورت اجاگر کیا۔

پروفیسر الکوف کی تقریر میں اصل دھارے میں موجود مرد مرکوز علمیاتی تعصّبات اور خواتین کی زندگی کے حقائق سے انقطاع کا تنقیدی جائزہ لیا گیا۔ علم کی روایتی ساخت میں خواتین کی ایجنسی اور ان کے شعور کو وہ عزت نہیں دی گئی جس سے ان کے تجربات کی تفہیم یک رخی ہو کر رہ گئی۔ ان کی تقریر نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ مختلف و متنوع تانیثی تناظرات کی شمولیت سے ایک زیادہ جامع اور ہمہ جہت معلومات پیراڈائم تیار ہو سکتا ہے۔

پروگرام آن لائن فارمیٹ میں ہونے کی وجہ سے مختلف شعبوں اور علاقوں کے اسکالر شریک ہو سکے جس سے گفتگو دلچسپ اور مذاکراتی نوعیت کی ہو سکی۔ ایس این سی ڈبلیو ایس کی ریسرچ اسکالر چیتالی پنت نے سوال جواب سیشن کی نظامت کی اور شرکا کے لیے موقع فراہم کیا کہ وہ لیکچر کے موضوع کی تہوں میں اتر سکیں۔ ڈاکٹر آمنہ حسین کی اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

ممتاز لیکچر سریز صنف، علم اور اصل دھارے کے مباحث پر علمی مباحثوں کے لیے تنقیدی ماحول کے فروغ کے تئیں ایس این سی ڈبلیو ایس کے عہد کا اعادہ کرتا ہے۔ صنف، شناخت اور علمیات پر سرگرم تعلق کے لیے پلیٹ فارم مہیا کرانے کے ساتھ سیریز کا مقصد آج کے معاشرے میں علم کی زیادہ جامع اور ارتقا پذیر تفہیم میں معاونت کرنا ہے۔

**تعلقات عامہ دفتر**

**جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی**